© rasailojaraid.com



# ترجمان الحدیث کی اشاعت خاص
# مولانا محمد اسحٰق بھٹی رحمۃ اللہ علیہ پر
# تہنیتی مکتوبات رئیس التحریر کے نام

## نامور ادیب ومضمون نگار جناب محمد رمضان یوسف سلفی حفظہ اللہ کا مکتوب گرامی

محترم جناب چودھری محمد یاسین ظفر صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آپ کی ادارت میں شائع ہونے والے ماہنامہ ترجمان الحدیث کی اشاعت خاص بنام مؤرخ اہل حدیث ذہبی دوراں مولانا محمد اسحاق بھٹیؒ موصول ہوئی۔ جسے دیکھ اور پڑھ کر دل وفور مسرت سے جھوم اٹھا۔ ماشاء اللہ آپ نے اپنے ایڈیٹر مولانا فاروق الرحمان یزدانی صاحب کے ساتھ مل کر مختصر وقت میں مستند معلومات سے مزین ایک عمدہ اشاعت خاص کو منصۂ شہود پر لانے کی سعی کی ہے۔ جب سے ترجمان الحدیث کی اشاعت خاص کا اعلان رسائل میں نشر ہوا تھا مختلف حلقوں میں چہ مگوئیاں ہو رہی تھیں کوئی اسے مسابقہ اور کوئی مقابلہ کہہ رہا تھا لیکن جامعہ سلفیہ نے محترم بھٹی صاحب سے قلبی محبت اور خلوص کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ساڑھے تین سو صفحات پر مشتمل نمبر چھاپ دیا۔ میں اس پر آپ کو اور آپ کے رفقاء کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور کہتا ہوں کہ

لوگ دیکھتے ہی رہ گئے اور...... دامنڈا بازی لے گیا

محترم چودھری صاحب میں آپ سے یہ بھی امید رکھتا ہوں کہ جس طرح آپ نے بھٹی صاحب پر اشاعت خاص کا اہتمام کیا ہے اسی طرح جامعہ سلفیہ کا گولڈن جوبلی نمبر بھی جلد شائع فرمائیں گے بفضل اللہ تعالیٰ ان شاء اللہ۔ امید ہے آپ کے مزاج بخیر ہوں گے۔

والسلام

محمد رمضان یوسف سلفی

نمائندہ جماعت غرباء اہل حدیث پاکستان

05-06-2016

## شیخ الحدیث مولانا افتخار محمود ازہری کا مکتوب

محترم ومکرم پروفیسر یاسین ظفر صاحب حفظکم اللہ ودیر عاکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ





© rasailojaraid.com